8 جون 2022 کا سرکاری بیان، بین الاقوامی LGBTI+ فخر یا آزادی کا دن۔

سرکاری بیان

Fem-ho BÉ TOT POSSIBLE

Generalitat de Catalunya

سڑک پر بلا خوف و خطر چلنے کا حق، جہاں ہماری شناخت یا ہمارے ساتھی کا ہاتھ تھامے ہونے کی وجہ سے توہین یا حملہ نہ کیا جائے۔ ہمارے کام کی جگہوں کے ایک محفوظ جگہ ہونے کا حق جہاں ہمارے جنسی رجحانات کی بنیادوں پر امتیازی سلوک نہ کیا جائے۔ اس بات کا حق کہ ہم خود اپنا اظہار کر سکیں اور ایسے ظاہر کر سکیں کہ جیسے ہم ایک گھرانے، تعلیمی ماحول کا حصہ ہیں اور تفریحی مقامات پر موجود ہیں۔ اپنی صنفی شناخت رکھنے اور حکام کی جانب سے خاندانی تنوع کو تسلیم کیے جانے کا حق... یہ تمام حقوق ایسے حقوق نہیں ہیں جو ہر کسی کو دیئے جا چکے ہوں۔ +LGBTI گروپس نے، ہمارے ملک اور دنیا بھر میں، دہائیوں تک انہیں حاصل کرنے کی جنگ لڑی ہے، اور آج ان کو ابھی تک مکمل طور پر ضمانت حاصل نہیں ہے۔

+LGBTI لوگوں کے حقوق کا دفاع کرنے والے سماجی مظاہروں نے، جو 1969 میں سٹون وال انقلاب سے نیویارک میں اور 1970 کی دہائی میں ہمارے ملک میں شروع ہوئے تھے، سماجی آگاہی پیدا کرتے ہوئے اور انسانی حقوق کے قانونی تحفظ کو فعال کرتے ہوئے ایک زیادہ منصفانہ ملک بنانے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ (Catalonia) میں +LGBTI عوامی پالیسیوں کو تشکیل دینے 10 اکتوبر کا 11/2014 ایکٹ، کاتالونیا میں ایک اہم موڑ تھا جو ہم جنس پرست خواتین، ہم جنس پرست حضرات، دو جنسیت، مخنث اور بین صنفی اشخاص کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے اور ہوموفوبیا، بائی فوبیا اور ٹرانس فوبیا کا خاتمہ کرتا ہے۔ اس بات کو بھی ممکن بنایا گیا ہے کہ ملک بھر میں +LGBTI نگہداشت کی خدمات کے اجتماعی سروسز نیٹ ورک کو متعارف کروانے سے جن لوگوں کے حقوق سے انحراف ہو رہا ہے ان لوگوں کی مدد اور معاونت کی جائے۔

حال ہی میں، مساوی سلوک اور عدم امتیاز پر 30 دسمبر کے 19/2020 ایکٹ نے ایسے اقدامات کی راہ ہموار کی ہے جو جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیادوں پر امتیازی سلوک یا عدم برداشت کی کسی صورت یا فعل کے خلاف حقیقی اور مؤثر تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ کیٹالن کا مستقبل کا ٹرانس* قانون، جس کا فی الحال مسودہ تیار کیا جا رہا ہے، حقوق کے مکمل تحفظ کی جانب سفر جاری رکھے گا۔ جس قدر حقوق ہوں گے، اُسی قدر انصاف ہو گا، اسی قدر جمہوریت ہو گی۔ نئے حقوق نہ تو دیگر حاصل کردہ حقوق میں کمی کرتے ہیں اور نہ ہی یہ کسی چیز کو یا کسی شخص کو حذف کرتے ہیں۔

تمام سرکاری حکام کا یہ فرض ہے کہ تمام شعبوں میں مساوات پر مبنی قوانین کی بالادستی قائم کریں اور ممکنہ بھرپور حد تک انہیں نافذ العمل کریں۔ اور اس سے بڑھ کر اسی لئے کہ آج تفریق کے خلاف نفرت انگیز گفتگو کا سامنا کیا جاتا ہے اور جن حقوق کو حاصل کیا جا چکا ہے ان پر انتہائی دائیں بازو کے لوگوں کے چیلنج کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس سال 27 اپریل کو کاتالونیا بین الاقوامی پرائز (Catalonia International Prize) ایوارڈز کی تقریب میں ان گروپس کے بارے میں بات کرتے ہوئے، جوڈتھ بٹلر (Judith Butler) نے کہا: "یہ قوم کا کیسا نظریہ ہے جس کو مساوات، آزادی، انصاف، جنگوں کے خاتمے، جارحیت سے پاک مستقبل، یا بلا خوف و خطر سڑک پر چلنے کے حق کو اپنانے والوں کی طرف سے خطرے میں ڈالا جا سکتا ہے؟"

کاتالونیا میں جتنی مرتبہ ضرورت پڑے گی ہم ایک مرتبہ پھر کہیں گے "ایسے نہیں چلے گا!" اب پہلے سے بڑھ کر ملک کی تنظیمیں اور سرکاری حکام لوگوں کے حقوق کے علمبردار بنیں گے تاکہ وہ آزادی سے رہ سکیں اور ہم ایک سماجی تبدیلی کو تیز تر کرنے کی جدوجہد کریں گے جو صرف اسی وقت ممکن ہے اگر حقوقِ نسواں کی سرکاری پالیسیاں باہم شامل ہو، اگر +LGBTI پالیسیاں فیمنسٹ ہوں، اور اگر یہ تمام پالیسیاں نسلی امتیاز کے خلاف ہوں اور عمر اور معذوری کا لحاظ رکھتی ہوں۔

+LGBTI لوگوں کے حقوق، اس مشترکہ جدوجہد کا حصہ ہیں کہ تمام لوگوں کے حقوق کو مقدم رکھا جائے کہ وہ امتیازی سلوک اور جارحیت سے پاک زندگی گزاریں۔ خواہ ہم cis، ٹرانس* یا نان بائنری ہوں اور خواہ ہمارا جنسی رجحان کچھ بھی ہو، ہمیں اس جدوجہد کو ہمیشہ جاری رکھنا ہے کیونکہ حقوق کا استعمال اور تحفظ مجموعی طور پر کیا جاتا ہے۔

کیٹالن حکومت، قومی LGBTI کونسل کی رکن تنظیموں کے مطالبات کی حمایت کرتی ہے۔

فخر یا آزادی کے دن کو یادگار بنانے کے لئے، کیٹالن حکومت ایک مرتبہ +LGBTI جون، بین الاقوامی 28 لوگوں کے حقوق کی علمبردار بنے گی اور عوام کو سرِعام +LGBTI پھر اپنے عزم کی تصدیق کرتی ہے کہ کے ساتھ Pride# دعوت دیتی ہے کہ تقریبات اور مظاہروں میں شامل ہوں جو پورے ملک میں مطلقاً منعقد کیے جائیں گے۔

لوگوں کے حقوق اور فرائض میں اعلیٰ +LGBTI، کونسل LGBTI اسی طرح، کیٹالن حکومت قومی سطح کی سرکاری شمولیت کے طور پر بنائے گئے اور اس شعبے میں کام کرنے والے کیٹالن حکام کے لئے مشاورتی ادارے کے طور پر بھی کام کرنے والے کالجیٹ ادارہ جاتی نظام کے مطالبات کو زیرِ غور لاتی ہے، باوجود یہ کہ دیگر ایجنسیوں یا تنظیموں کے فرائض اور اختیارات قانون کی جانب سے مسلمہ ہیں۔

یہ مطالبات حسبِ ذیل ہیں:

ٹرانس* لوگوں کو اپنے نام تبدیل کرواتے ہوئے اور ایک ہی جنس کے والدین والے خاندانوں کے اپنے بچوں— کے ناموں کا اندراج کرواتے ہوئے سول رجسٹری آفس (Civil Registry Office) میں تاحال پیش آنے والی مشکلات کو حل کیا جائے۔

لوگوں کو پناہ اور +LGBTI پر زور دیا جائے کہ ایسے (Spanish Government) ہسپانوی حکومت— تحفظ دینے پر خصوصی طور پر توجہ دے جو اپنے مادرِ وطن میں زد پذیر ہیں اور جو اپنی انتظامی صورتِ حال کو باضابطہ بنانے سے قاصر ہیں، اور اس بات کا بھی اطمینان کرے کہ کیٹالن حکومت ملک میں پہنچنے والے +LGBTI لوگوں کی مخصوص ضروریات کا ادراک کرتے ہوئے ان کو وصول کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے۔

—مسائل پر مخصوص تربیت کی جانب پیش رفت کو جاری رکھا +LGBTI اساتذہ کے لئے تنوع اور طلبہ کے لئے محفوظ اور قابلِ +LGBTI جائے، جس میں جسمانی تعلیم اور کھیل شامل ہوں، تاکہ بھروسہ جگہیں بنانے کی سرپرستی کی جائے۔

— فوبیا کے-LGTBTI کو مزید وسائل فراہم کیے جائیں اور (SAI) نگہداشت کی جامع خدمات +LGBTI کیسوں میں ان کے اقدامات اور ان کی جانب سے پیش کی گئی مدد اور معاونت کو بڑھانے کے نظریے کے ساتھ ان کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لئے کمپینز چلائی جائیں۔

—ہم جنس پرست خواتین اور ٹرانس* مردوں کے لئے اعانت شدہ افزائش کے حق کا تحفظ کیا جائے اور اس شعبے میں انتظار کی فہرستوں کو مختصر کیا جائے۔ کاتالونیا میں ٹرانس* لوگوں کو دیکھنے والی بنیادی نگہداشت اور کمیونٹی کی نگہداشتِ صحت کے علاقائی ٹرانزٹ یونٹس کے فعال نیٹ ورک کو بتدریج تشکیل دیتے ہوئے ٹرانزٹ کی خدمت کے مرکزی اختیارات کی کمی کو جاری رکھا جائے۔

—لوگوں کے لئے مساوی حقوق کی معلومات تک +LGBTI حسیاتی یا جسمانی معذوریوں کے شکار رسائی کو بہتر بنایا جائے۔

—لوگوں کے لئے اجتماعی اور محفوظ جگہوں کا قیام اور انتظام عمل میں لایا جائے +LGBTI عمر رسیدہ اور عمر رسیدہ اور منحصر افراد کے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے لئے تربیت کو فروغ دیا جائے۔

—لوگوں کی تعداد غیر واضح اور منتشر ہے، اور میل +LGBTI دیہی علاقوں کا دھیان رکھا جائے جہاں جول کی جگہیں فراہم کرنے میں معاونت کی جائے، ان گروپس کے لئے معاونتی سروسز کو تقویت دی جائے اور مقامی حکام کی جانب سے سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے جو ان کے تشخص کو اجاگر کرنے میں مدد دیں۔

—ایک کیٹالن ٹرانس* بل تیار کیا جائے جس کو کیٹالن پارلیمنٹ میں زیرِ بحث لایا جائے اور منظور کیا جائے۔

Fem-ho BÉ TOT POSSIBLE
Generalitat de Catalunya